© rasailojaraid.com

# حاملانِ قرآن

## شیخ معین الدین عمادی

(از جناب مولوی محمد عثمان صاحب۔ بی ایس سی (علیگ))

صبح خیزی و سلامت طلبی چون حافظ
ہر چہ کردم ہمہ از دولتِ قرآن کردم

محمد نام، معین الدین خطاب، قاضی طیب کے فرزند تھے۔ علم بغیر تعلّی، فقر بغیر مسکنت، تواضع بغیر تذلّل، عفو بغیر کبر، تحدیث نعمت بغیر فخر، عزت اسلامی پر افتخار بدون استکبار، مزاج میں شاہی، پیشانی پر نور الٰہی، ذات و الاصفات جامع جمیع حسنات تھی، "رَبَّنَا اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً وَّ فِی الْاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً" کی دعا آپ پوری ہوئی، بارہ سیر حاصل قریات آپ کے ملکِ یمین تھے جن کے محاصل وقفِ فکِ رقبہ، اطعامِ جائع، الباسِ معتر، اغاثۂ مظلوم، "وَفِیْٓ اَمْوَالِهِمْ حَقٌّ لِّلسَّآئِلِ وَالْمَحْرُوْمِ" امرا میں بڑی بڑی عمارتیں بنوائیں محل سرائیں تعمیر کرائیں، لیکن آپ ایک درخت کے تلے فرشِ خاک پر آرام فرمایا۔ سنگ لحد علم ہے۔ بیزار و تبرک بہ۔

حضرت شیخ عبد القدوس قلندر سے آپ کو اجازت خلافت حاصل تھی"۔ خود آپ کے خلفاء کا خصیصہ یہ تھا کہ سب کے سب۔ من غیر استثناءِ۔ عالم حامل کتاب و سنت کے حامل تھے، نضر اللہ وجوههم

ماہیت جن | حلقہ درس تنزیل میں ایک روز "جن" کی تاویل ہو رہی تھی، ایک جماعت سلب اور دوسری ایجاب پر زور دیتی تھی، موجبین فلسفہ یونان سے مدد لیتے اور آیات قرآن سے سند لاتے، سالبین اس فلسفہ کو

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



سفسطہ بتاتے اور نصوص کو مأوّل ٹھیراتے' بحث جب منفصل نہ ہو سکی تو دونوں فریق حضرت سے رجوع ہوئے فاحکم بیننا بالحق - فرمایا :-

رئیس فلاسفہ اسلام ابن سینا اپنے رسالہ "حدود الاشیاء" میں فرماتے ہیں۔

الجنّ حیوانٌ ہوائیٌ متشکّلٌ باشکالٍ مختلفۃٍ — جن ایک ہوائی جاندار مخلوق ہے جو طرح طرح کی شکلیں اختیار کرتی ہے

اس کے بعد فرماتے ہیں۔

وھذا شرحٌ لِلاسمِ — یہ صرف نام کی تشریح ہے۔

یعنی

ان ھذا الحد شرحٌ للمراد من ھذا اللفظ ولیس لھذہ الحقیقۃ وجود فی الخارج — اس تعریف کا مطلب یہ ہے کہ لفظ جن سے مراد کیا ہے۔ ورنہ خارج میں اس حقیقت کا کہیں وجود نہیں۔

فرمایا :-

فلسفہ جو چاہے کہے' وحی الٰہی وجود جن کی مثبت ہے' مگر اسی قدر کہ یہ بھی خدا کی ایک مخلوق ہے یہ مخلوق کیسی ہے' کیا ہے' اور کہاں ہے' کلام اللہ اس باب میں ساکت ہے۔

عرض کی :-

سورۂ جن شاہد ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی جناب میں ایک بڑی جماعت جن حاضر ہوئی' آنحضرت علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اُن سے ملاقات کی اور استماع آیات کے بعد وہ واپس گئے۔

فرمایا' سورۂ جن کی آیتیں پڑھو۔

قُلْ اُوْحِیَ اِلَیَّ اَنَّہُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ فَقَالُوْٓا اِنَّا سَمِعْنَا قُرْاٰنًا عَجَبًا یَّھْدِیْٓ اِلَی الرُّشْدِ فَاٰمَنَّا بِہٖ وَلَنْ نُّشْرِکَ بِرَبِّنَآ اَحَدًا — اے پیغمبر کہو کہ میرے پاس اس بات کی وحی آئی ہے کہ "جن" کے بعض افراد آیات قرانی سن کر بول اٹھے ہم نے ایک عجیب قرآن سنا جو راہ راست دکھاتا ہے' ہم تو اُس



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ایمان لائے اور اپنے پروردگار کے ساتھ ہم کسی کو ہرگز شریک نہ بنائیں گے۔

دیکھو:۔

(۱) پیغمبر علیہ الصلوٰۃ والسلام کو یہ کہنے کا حکم ہوتا ہے کہ بعض افراد جن کلام اللہ سن کے خوش ہوئے

(۲) آنحضرت علیہ الصلوٰۃ والسلام کو اس واقعہ کا علم وحی الٰہی سے ہو۔

(۳) جناب نبوی میں اس موقع پر جن کا آنا اور آنحضرت سلام اللہ علیہ کا اُن سے ملاقات کرنا قرآن مجید سے ثابت نہیں۔

اذ لو راھم لما اسند معرفۃ ھذہ الواقعۃ الی الوحی فان ما عرف وجودہ بالمشاھدۃ لا یسند اثباتہ الی الوحی۔

اس لیے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جن کو دیکھا ہوتا تو آپ اس واقعہ کو وحی کی طرف منسوب نہ کرتے، جس کا وجود مشاہدہ میں آگیا اس کا ثبوت وحی سے دینے کی کیا ضرورت ہے۔

(۴) آیت میں نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ ہے، یعنی جن کی ایک چھوٹی سی جماعت۔

فان النفر فی کلامھم جماعۃ من ثلاثۃ الی العشر۔

کلام عرب میں نفر کا اطلاق اسی جماعت پر ہوتا ہے جو تین سے دس تک کی ہو۔

علم غیب | عرض کی:۔

یہ تو آغاز سورۃ تھا، انجام اظہار غیب پر ہے کہ اللہ ہی عالم الغیب ہے، وہ اپنے علم غیب پر مطلع نہیں کرتا، ہاں مگر اپنے برگزیدہ پیغمبر کو، یہ تو نفی کرامات اولیاء اللہ کی دلیل ہوئی، کیونکہ اولیاء اللہ کی سب سے بڑی کرامت تو عوام اسی کو سمجھتے ہیں کہ ان قدسین کو مغیبات پر دسترس ہے اور ان سے غیب کی باتیں معلوم ہوسکتی ہیں۔

فرمایا یہ زمخشری کا قول ہے جو لکھتے ہیں۔

وفی ھذا ابطال الکرامات لان الذین

اس آیت میں اولیاء اللہ کی کرامات کے باطل ہونے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

تضافت الکرامات الیهم دان کانوا اولیاء مرتضین فلیسوا برسل وقد خص اللہ الرسل من بین المرتضین بالاطلاع علی علم الغیب۔

کی جانب اشارہ ہے، اس لیے کہ جن نفوس قدسیہ کی جانب کرامات کو منسوب کرتے ہیں، وہ چاہے ولی ہوں برگزیدہ ہوں بہرحال پیغمبر تو نہیں۔ اللہ تعالیٰ نے تو اپنے برگزیدہ بندوں میں سے فقط پیغمبروں کو یہ خصوصیت بخشی ہے کہ علم غیب سے انھیں کو مطلع کرے گا۔

فرمایا:۔ مفسرین نے اس پر بڑی بحث کی ہے جس کا خاتمہ اسی طرح ممکن ہے کہ پوری آیتیں تلاوت کیجائیں

**پیغمبر ضرر و نفع کا مالک نہیں**

قُلْ اِنِّیْ لَآ اَمْلِكُ لَكُمْ ضَرًّا وَّلَا رَشَدًا۔

کہو کہ میں تمہارے لیے نہ کسی ضرر پر دسترس رکھتا ہوں اور نہ کسی بھلائی پر۔

**پیغمبری کی حد**

قُلْ اِنِّیْ لَنْ یُّجِیْرَنِیْ مِنَ اللّٰهِ اَحَدٌ وَّلَنْ اَجِدَ مِنْ دُوْنِهٖ مُلْتَحَدًا اِلَّا بَلٰغًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِسٰلٰتِهٖ وَمَنْ یَّعْصِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَاِنَّ لَهٗ نَارَ جَهَنَّمَ خٰلِدِیْنَ فِیْهَآ اَبَدًا حَتّٰٓی اِذَا رَاَوْا مَا یُوْعَدُوْنَ فَسَیَعْلَمُوْنَ مَنْ اَضْعَفُ نَاصِرًا وَّاَقَلُّ عَدَدًا۔

کہو کہ مجھے خدا سے کوئی ہرگز نہیں بچا سکتا اور نہ میں اُس کے سوا ہرگز کوئی پناہ پا سکتا ہوں، بجز اس کے کہ اللہ کی طرف سے حکم پہنچانا اور اُس کے پیغاموں کا ادا کرنا یہی میرا کام ہے، جس نے اللہ اور رسول کی نافرمانی کی تو حقیقت میں اس کے لیے آتش دوزخ ہے، ایسے لوگ اس میں ہمیشہ رہیں گے، یہاں تک کہ جب اس چیز کو دیکھ لیں گے جس کی وعید ان سے کی گئی ہے تو اس وقت جانیں گے کہ کس کے مددگار کمزور ہیں اور کس کی جماعت کم ہے

**قیامت کا علم**

قُلْ اِنْ اَدْرِیْٓ اَقَرِیْبٌ مَّا تُوْعَدُوْنَ اَمْ یَجْعَلُ لَهٗ رَبِّیْٓ اَمَدًا عٰلِمُ الْغَیْبِ فَلَا یُظْهِرُ عَلٰی غَیْبِهٖٓ اَحَدًا اِلَّا مَنِ ارْتَضٰی مِنْ رَّسُوْلٍ فَاِنَّهٗ یَسْلُكُ مِنْ بَیْنِ

کہو کہ میں نہیں جانتا جس چیز کی تم سے وعید کی گئی ہے آیا وہ نزدیک ہے یا میرے پروردگار نے اس کے لیے کوئی مدت دراز مقرر کر رکھی ہے، غیب کا جاننے والا وہی ہے وہ اپنے غیب پر کسی کو مطلع نہیں کرتا، ہاں مگر اپنے کسی برگزیدہ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖ رَصَدًا لِيَعْلَمَ اَنْ قَدْ اَبْلَغُوْا رِسَالَاتِ رَبِّهِمْ وَاَحَاطَ بِمَا لَدَيْهِمْ وَاَحْصٰى كُلَّ شَيْءٍ عَدَدًا۔

پیغمبر کو' تو اس پیغمبر کی آگے اور پیچھے سے محافظت کرتا ہے تاکہ اللہ کو معلوم ہو جائے کہ انہوں نے اپنے پروردگار کے پیغام پہنچا دیئے اللہ نے جو کچھ اُن کے آس پاس ہے سب کا احاطہ کر لیا ہے اور تمام موجودات کا اس نے شمار رکھا ہے۔

حاشیہ | "احصٰی کل شیٔ" لأن الشیٔ عندنا هو الموجودات والموجودات متناهية في العدد وهٰذه الاٰية احد ما يحتج به على ان المعدوم ليس بشئ وذٰلك لان المعدوم لو كان شيئًا لكانت الاشياء غير متناهية۔

میں "شیٔ" کا ترجمہ ہم نے تمام موجودات کیا ہے اس لیے کہ اہل سنت کے نزدیک شیٔ سے مراد موجودات ہی ہے اور موجودات اپنی تعداد میں متناہی ہیں' معدوم کے شیٔ نہ ہونے پر جو دلیلیں قائم کی جاتی ہیں ان میں سے ایک یہ آیت بھی ہے اس لیے کہ معدوم اگر شیٔ ہو تو پھر اشیا کو غیر متناہی یعنی بے شمار ماننا پڑیگا حالانکہ یہاں شے کو شمار پذیر فرمایا ہے۔

فرمایا۔

ان آیات سے واضح ہے کہ یہاں جس علم غیب کا بیان ہے وہ علم وقوع قیامت ہے'۔

قیامت کب ہوگی؟ مشرکین اس پر بحث کرتے ہیں کہ جس عذاب قیامت کی ہمیں دھمکی دی جاتی ہے آخر اس کے وقوع کا زمانہ بھی کبھی آئے گا۔

جواب ملتا ہے۔

میں نہیں جانتا کہ قیامت' جس کے عذاب کی وعید تمہیں کی گئی ہے' نزدیک ہے یا اس کی مدت دراز ہے اسی کو ایک دوسرے مقام پر ایک دوسرے ہی پیرایہ میں ظاہر کیا ہے:۔

وَمَا يُدْرِيكَ لَعَلَّ السَّاعَةَ قَرِيبٌ۔ تم کیا جانو عجب نہیں کہ قیامت قریب ہو۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

بہرحال اسلام میں اجماع ہے کہ قیامت کا علم صرف اللہ تعالیٰ ہی کو ہے، البتہ وہ اپنے پیغمبروں میں سے جسے چاہے کچھ آگاہ بھی کر سکتا ہے۔

یہاں مطلق علم غیب مراد نہیں، ایک طرح کا مخصوص علم غیب مقصود ہے، اولیا اللہ غیب دان ہوں یا نہ ہوں، علوم غیب ان پر مکشوف ہو سکیں یا نہ ہو سکیں، کلام اللہ اس کی بحث نہیں کرتا، پھر اس میں شاخیں نکالنے سے کیا حاصل۔

قُلِ اللّٰهُ ثُمَّ ذَرْهُمْ فِي خَوْضِهِمْ يَلْعَبُونَ کہو کہ اللہ ہے، پھر ان لوگوں کو چھوڑ دو کہ اپنے غور و خوض میں پڑے کھیلا کریں۔

---

# مراۃ المثنوی

مرتبۂ جناب قاضی تلمذ حسین صاحب ایم اے رکن دارالترجمہ۔

مثنوی مولانا روم کا بہترین ایڈیشن جس میں مثنوی شریف کے منتشر مضامین کو ایک سلسلہ کے ساتھ اس طور پر مرتب کیا گیا ہے کہ پڑھنے والا مولانا کے مدعا اور ان کی تعلیم کو بڑی آسانی سے سمجھتا چلا جاتا ہے۔ کئی انڈکس اور فہرستیں بھی ہیں جن کی مدد سے آپ حسب منشا جو شعر چاہیں نکال سکتے ہیں۔ ایک بسیط فرہنگ بھی ملحق ہے۔ غرض یہ کہ اس کتاب نے مثنوی شریف سے فائدہ اٹھانے کے لیے سہولت مہیا کر دی ہے کہ ایک شخص بڑی آسانی سے کتاب کے مطالب پر عبور حاصل کر سکتا ہے۔

کاغذ کتابت طباعت بہترین جلد نہایت اعلیٰ قیمت سکہ انگریزی (عہ) سکہ عثمانیہ (لعہ)

دفتر ترجمان القرآن سے طلب کیجئے

© rasailojaraid.com